صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعرات 27۔ اگست 2015ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

جمعرات 27۔اگست 2015ء 11 ذیقعد 1436 ہجری 27 ظہور 1394 ہش جلد 65-100 نمبر 195

فتوحات اور احسانات

بنائی تو نے پیارے میری ہر بات دکھائے تو نے احساں اپنے دن رات

ہر اک میداں میں دیں تو نے فتوحات بد اندیشوں کو تو نے کر دیا مات

ہر اک بگڑی ہوئی تو نے بنا دی

فسبحان الذی اخزی الاعادی

(درثمین)

جلسہ سالانہ برطانیہ 2015ء کے موقع پر 23ویں روح پرور عالمی بیعت

5 لاکھ 67 ہزار 330 سعید روحوں کی احمدیت میں شمولیت

اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور احسانوں پر اظہار تشکر کیلئے کل عالم کے احمدیوں کا عالمی سجدہ شکر

اللہ تعالیٰ کے فضل واحسان کے ساتھ جماعت احمدیہ برطانیہ کا 49واں جلسہ سالانہ 21، 22 اور 23 / اگست 2015ء کو حدیقۃ المہدی ہمپشائر آلٹن لندن میں منعقد ہوا۔ اس موقع پر جلسہ کے تیسرے دن مورخہ 23 / اگست کو سہ پہر 5 بجے 23ویں عالمی بیعت منعقد ہوئی۔ دنیا بھر سے آنے والے 35 ہزار 478 احمدی احباب وخواتین اپنے پیارے آقا سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی قیادت میں عالمی بیعت کے لئے جلسہ گاہ میں جمع تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیعت کے لئے تشریف لائے تو جملہ احباب جماعت پہلے ہی قطاروں میں تیار بیٹھے تھے۔

عالمی بیعت کی تقریب کے دوران جلسہ گاہ میں متعدد زبانوں میں بیعت کے الفاظ کا ترجمہ دوہرایا گیا اور احمدیہ ٹیلی ویژن کی وساطت سے دنیا کے 207 ممالک کے احمدیوں نے اپنے نئے بھائیوں کے ساتھ تجدید بیعت کا شرف حاصل کیا۔

جلسہ سالانہ برطانیہ میں شامل احمدی احباب نے خلیفہ وقت کے ہاتھ پر براہ راست بیعت کی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ جب پنڈال میں رونق افروز ہوئے تو احباب جماعت نے نعرہ ہائے تکبیر سے استقبال کیا۔ حضور انور سٹیج کے سامنے کشادہ جگہ پر تشریف فرما ہوئے۔

حضور انور نے اس موقع پر فرمایا اس سال اللہ تعالیٰ کے فضل سے 5 لاکھ 67 ہزار 330 افراد جماعت میں شامل ہوئے ہیں 113 ممالک سے 391 قومیں احمدیت میں داخل ہوئیں الحمدللہ اور گزشتہ سال کی نسبت 12 ہزار 95 کا اضافہ ہوا۔

حضور انور کے دست مبارک پر مختلف قوموں کے نومبائعین نے اپنے ہاتھ رکھ کر جسمانی رابطہ پیدا کیا اور پھر جلسہ گاہ میں موجود باقی احباب نے ایک دوسرے کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر روحانی اور جسمانی تعلق بنایا اور یہ تعلق پنڈال سے باہر موجود احباب تک پھیلا ہوا تھا۔ حضور انور نے پہلے انگریزی زبان میں بیعت کے الفاظ دوہرائے جبکہ جلسہ گاہ میں موجودہ مختلف اقوام کے لوگوں کیلئے ساتھ ساتھ ان کی زبانوں میں الفاظ بیعت دوہرانے کا انتظام موجود تھا۔ اس کے بعد حضور انور نے اردو بولنے اور سمجھنے والوں کی اکثریت کی وجہ سے اردو میں بھی الفاظ بیعت دوہرائے اور احباب نے حضور انور کی اتباع میں بیعت کے الفاظ کو دوہرایا۔

عالمی بیعت کے اس وجد آفرین منظر کے بعد کل عالم کے احمدی احباب نے اپنے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اقتداء میں سجدہ شکر ادا کیا۔ اس طرح دنیا بھر کے احمدی خدا تعالیٰ کے آگے جھک گئے اور اپنے مولیٰ کریم کے ان احسانوں پر اظہار تشکر کیا جو اللہ تعالیٰ نے جماعت احمدیہ پر کئے ہیں۔ سجدہ شکر کے ساتھ ہی 23ویں عالمی بیعت کا روح پرور پروگرام اختتام کو پہنچا۔ اللہ تعالیٰ ان سعید روحوں کو اخلاص ووفا میں بڑھاتا چلا جائے۔ آمین

اپنی زبان میں دعائیں مانگو

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

''سب زبانیں خدا نے بنائی ہیں۔ چاہئے کہ اپنی زبان میں جس کو اچھی طرح سمجھ سکتا ہے۔ نماز کے اندر دعائیں مانگے، کیونکہ اس کا اثر دل پر پڑتا ہے تاکہ عاجزی اور خشوع پیدا ہو۔ کلام الٰہی کو ضرور عربی میں پڑھو اور اس کے معنی یاد رکھو اور دُعا بیشک اپنی زبان میں مانگو جو لوگ نماز کو جلدی جلدی پڑھتے ہیں اور پیچھے لمبی دعائیں کرتے ہیں۔ وہ حقیقت سے ناآشنا ہیں۔ دُعا کا وقت نماز ہے نماز میں بہت دعائیں مانگو۔''

(الحکم 24 مئی 1901ء)

☆..................☆..................☆

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ مریم شادی فنڈ ہے۔ مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جاسکے گا۔'' (الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہوسکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

☆..................☆..................☆

پبلشر وپرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاءالاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

اداریہ

تحریک جدید۔ایک جادو کی چھڑی ہے

حضرت مصلح موعودتاریخ ساز شخصیت تھے۔آپ کے کارنامے خواہ علمی ہوں، انتظامی ہوں یا رہوہ کا قیام ہو سارے ہی بے مثال ہیں۔علم قرآن اور تاریخ کی گتھیاں سلجھانا بھی آپ کے لئے باعث فخر تھا۔مگر آپ کو خود اپنے جس کارنامے پر بہت خوشی اور مسرت محسوس ہوتی تھی وہ تحریک جدید کا قیام ہے۔فرماتے ہیں:

’’تحریک جدید کے پیش کرنے کے موقع کا انتخاب ایسا اعلیٰ انتخاب تھا جس سے بڑھ کر اور کوئی اعلیٰ انتخاب نہیں ہوسکتا۔اور خدا تعالیٰ نے مجھے اپنی زندگی میں جو خاص کامیابیاں اپنے فضل سے عطا فرمائی ہیں ان میں ایک اہم کامیابی تحریک جدید کو عین وقت پر پیش کر کے مجھے حاصل ہوئی اور یقیناً میں سمجھتا ہوں جس وقت میں نے یہ تحریک کی وہ میری زندگی کے خاص مواقع میں سے ایک موقع تھا اور میری زندگی کی ان بہترین گھڑیوں میں سے ایک بہترین گھڑی تھی جبکہ مجھے اس عظیم الشان کام کی بنیاد رکھنے کی توفیق ملی‘‘۔ (تاریخ احمدیت جلد8 ص2)

کیونکہ تحریک جدید محض وقتی یا محدود تقاضے پورے نہیں کرتی بلکہ دعوت الی اللہ کی اس عالمگیر سکیم کا نام ہے جس نے جماعت احمدیہ کو تمام مذہبی جماعتوں میں ممتاز کر دیا ہے۔اہل حق نے بڑے بڑے معابد بھی بنائے، مدارس بھی قائم کئے، علماء کو بھی جنم دیا، کتب کی اشاعت بھی کی، الٰہی صحیفوں کے تراجم بھی کئے۔مگر تحریک جدید کے ذریعہ دعوت الی اللہ کے جس نظام کو جنم دیا گیا ہے وہ ایک لامتناہی جدوجہد کا نقطہ آغاز ہے وہ آنے والی تمام نسلوں، قوموں اور زبانوں تک پھیلا ہوا ہے جو وقت کے تازہ تقاضوں اور زبانوں کی تمام ضرورتوں سے ہم آہنگ ہے۔

یہ تحریک 1934ء میں اس وقت منظر عام پر آئی جب احمدیت کے پر کاٹنے اور قادیان کی اینٹ سے اینٹ بجانے کے بلند بانگ دعاوی کئے جارہے تھے۔عوام، حکومت، دولت، خطابت، اختیار سب اکٹھے ہو چکے تھے اور دوسروں کو جماعت دم بھر کی مہمان نظر آتی تھی۔

مسعود کھدر پوش ہندوستان کی سیاسی تاریخ کا ایک ممتاز نام ہے۔1934ء میں وہ مجلس احرار کے سرگرم ممبر تھے اور اس جلسہ میں بھی شامل تھے۔جو قادیان کے قریب ایک گاؤں میں جماعت کی آخری ہچکی سننے کے لئے منعقد کیا گیا تھا۔بعد میں انہوں نے اس دور کی یادیں تازہ کرتے ہوئے ایک احمدی کو بتایا کہ

اس جلسہ کے بعد جب آپ کے حضرت صاحب نے یہ اعلان کیا کہ مَیں احرار کے پاؤں کے نیچے سے زمین نکلتی دیکھ رہا ہوں تو ہم اپنی پارٹی کی میٹنگز میں بہت ہنسے کیونکہ اُن کی یہ بات دُور از قیاس لگتی تھی۔مجلس احرار ایک بے حد مضبوط اور مقبول پارٹی تھی اور ہمیں یقین تھا کہ آئندہ پنجاب کے الیکشن میں ہم واضح اکثریت حاصل کرلیں گے اور حکومت بنا کر مرزائیت کا خاتمہ کردیں گے۔لیکن اچانک ہم سے ایک شدید سیاسی غلطی ہوگئی اور زمین سچ مچ ہمارے پیروں کے نیچے سے نکل گئی۔یہ ایسے ہوا کہ مسجد شہید گنج والے معاملہ میں ہماری پالیسی کو پنجاب کے مسلمانوں نے قبول نہ کیا اور تقریباً سارا مسلمان معاشرہ ہمارے خلاف ہوگیا اور ہم الیکشن میں کوئی خاص کامیابی حاصل نہ کرسکے۔

وہ مزید کہنے لگے کہ پھر آپ کے حضرت صاحب نے ایک جادو کی چھڑی نکالی اور اس سے مجلس احرار کو سخت زک پہنچائی۔یہ چھڑی تحریک جدید تھی۔اس کے ذریعہ انہوں نے ایک طرف غریب جماعت کو سادہ زندگی گزار کر مالی قربانی کی طرف مائل کیا اور ایک دو سال کے عرصہ میں اسی غریب جماعت میں سے ایک تربیت یافتہ مضبوط لشکر پیدا کردیا۔پھر اس چھڑی کو اُوار لمبا کیا اور دنیا کے کئی ملکوں میں اپنے مشن قائم کرکے اس کمزور سی جماعت کو انٹرنیشنل جماعت بنادیا۔

(الفضل انٹرنیشنل 29۔اگست 2014ء)

یہ واقعی جادو کی چھڑی تھی جس کو دائیں ہلایا تو کشتوں کے پشتے لگ گئے۔بائیں لہرایا تو 207 ملکوں میں احمدیت کی کونپلیں لمحوں میں جوان ہونے لگیں۔اس کے 27 مطالبے دیکھیں تو آج کی دنیا کے لئے قرآن وحدیث کے بہترین سنگ میل معلوم ہوتے ہیں۔اس لئے حضرت مصلح موعود نے اس تحریک کو احمدیت کا میگنا کارٹا قرار دیا ہے۔

فرمایا: تحریک جدید جماعت احمدیہ کے لئے اسی طرح ہے جس طرح انگریزوں کے لئے میگنا کارٹا ہے۔اس میں جماعت کی ترقی کے وہ اصول بتائے گئے ہیں جن کی اس وقت ضرورت ہے۔اگر احباب ان کے بین السطور کو پڑھیں تو ایسا مصالحہ مل سکتا ہے جو صدیوں تک کام آئے۔

(خطابات شوریٰ جلد2 صفحہ 126)

چنانچہ مطالبہ وقف زندگی ہو کہ سادہ زندگی، امانت فنڈ ہو کہ دارالقضاء، بے کاری کا خاتمہ ہو کہ گلیوں کی صفائی، مالی قربانی ہو کہ دعا کی تلقین الغرض یہ ساری باتیں ایک قوم کو مہذب، باخدا اور سیسہ پلائی ہوئی دیوار بنانے کے لئے کافی ہیں۔اس تحریک نے ایک طرف تو احمدیت کے مالی نظام کو استحکام بخشا اور دوسری طرف جاں نثاروں کی ایک وسیع جماعت فراہم کردی۔وہ جامعہ جس کا آغاز چند خوش نصیبوں سے ہوا تھا اب ان سے جامعہ چھلک رہا ہے اور دنیا میں اس کی 14 شاخیں مربیان کی فیکٹریاں بن چکی ہیں۔

وہ چند جزائر، وہ خطے، وہ بے آباد علاقے جو احمدیت کی روشنی سے ابھی تک محروم ہیں کوئی وقت آتا ہے کہ وہ بھی تحریک جدید کے نتیجہ میں اپنے رب کے نور سے منور ہوجائیں گے۔انشاءاللہ

رپورٹ: مکرم حافظ عمران احمد صاحب

بنکاک میں منعقدہ سالانہ کتب میلہ میں جماعت احمدیہ تھائی لینڈ کی شمولیت

تھائی لینڈ کے دارالحکومت بنکاک میں ہر سال ایک کتب میلہ (Book Fair) منعقد کیا جاتا ہے۔امسال یہ کتب میلہ 27 مارچ 2015ء سے 7 اپریل 2015ء تک قریباً بارہ روز کے لئے منعقد ہوا۔ جس سے ایک اندازہ کے مطابق بارہ لاکھ سے زائد افراد نے نہایت ذوق وشوق سے استفادہ کیا۔

خدا تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ تھائی لینڈ کو بھی اس کتب میلہ میں اپنا سٹال لگانے کی توفیق ملی۔اس سٹال پر دیگر بہت سی کتب کے علاوہ جماعت احمدیہ کی طرف سے دنیا بھر میں شائع کئے جانے والے قرآن کریم کے اکثر تراجم بھی نمائش کے لئے پیش کئے گئے تھے۔دین کی حقیقی تعلیمات پر مبنی بینرز، پمفلٹس، ویڈیوز پیش کرنے کے علاوہ بالمشافہ گفتگو کے لئے رضا کار بھی ہمہ وقت سٹال پر موجود رہے۔نمائش کے علاوہ فروخت کے لئے جو کتب پیش کی گئی تھیں وہ تھائی، چینی، انگریزی اور عربی زبان میں تھیں۔دلچسپی لینے والوں کو مفت مہیا کرنے کے لئے بھی کتب کی بڑی تعداد سٹاک کی گئی تھی۔غیر مسلم افراد کی طرف سے دین کی تعلیم کو موجودہ عالمی حالات کے تناظر میں پیدا ہونے والے سنگین مسائل کے حل کو سمجھنے کیلئے خاص دلچسپی نظر آئی۔قرآن کریم کے تھائی ترجمہ کی طلب سب سے زیادہ تھی۔دوسری کتاب جس کی مانگ زیادہ رہی وہ حضرت مسیح موعود کی کتاب ’’اسلامی اصول کی فلاسفی‘‘ تھی جس کے تھائی، انگریزی اور دیگر زبانوں میں تراجم بھی طلب کئے گئے۔حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی کتاب "World Crisis and Pathway to Peace" احمدیہ سٹال پر آنے والے تمام افراد کو پیش کی گئی۔

نمائش میں قرآن کریم کے حوالہ سے دیگر موضوعات پیش کئے گئے مثلاً عالمی امن کا قیام، سائنس اور قرآن کریم، اقتصادی اور معاشرتی امن وغیرہ اس نمائش کے نتیجہ میں خدا تعالیٰ کے فضل سے دین حق کے بارہ میں تھائی لٹریچر کے علاوہ انگریزی کی "Short Commentary of the Holy Quran" نیز رسالہ "Review of Religions" کے کئی آرڈرز موصول ہوئے ہیں۔

(الفضل انٹرنیشنل 17 جولائی 2015ء)

مرسلہ: نظارت تعلیم القرآن

واقفات عارضی کے تاثرات و تجربات

☆ مکرمہ سعدیہ شہزاد صاحبہ مرید کے تحریر کرتی ہیں۔

"وقف کی بدولت قرآن مجید کا ترجمہ وتلاوت سمجھ کر پڑھنے کی توفیق ملی۔"

☆ مکرمہ نائلہ تبسم صاحبہ کجر ضلع شیخوپورہ لکھتی ہیں۔

"تجویز ہے وقف عارضی کی بابرکت تحریک میں تمام ممبرات کو شامل ہونا چاہئے نیز ذاتی تربیت ہوئی۔"

☆ مکرمہ ہبۃ النصر صاحبہ مرید کے لکھتی ہیں۔

"وقف سے قرآن پاک کا ترجمہ دہرانے کا موقع ملا اور دلی سکون ملا۔"

☆ مکرمہ نادرہ نثار صاحبہ ضلع شیخوپورہ لکھتی ہیں۔

"وقف سے بچوں کی مائیں خوش ہوئیں اور بچوں کی طرف سے پُرامید ہیں۔"

☆ مکرمہ آمنہ مبارکہ صاحبہ فاروق آباد ضلع شیخوپورہ لکھتی ہیں۔

"نمازوں میں باقاعدگی ہوئی۔"

☆ مکرمہ محمودہ عزیز صاحبہ حلقہ بیت الحمود شیخوپورہ لکھتی ہیں۔

"ذہنی سکون ملا۔ معلومات میں اضافہ ہوا۔"

☆ مکرمہ مقدس بی بی صاحبہ کاہنایانوالہ ضلع شیخوپورہ لکھتی ہیں۔

"نفس کی اصلاح ہوئی بہت سے امور میں کمزوریاں دور ہوئیں۔"

☆ مکرمہ عنایت بیگم صاحبہ کھاریاں لکھتی ہیں۔

"قرآن کریم کو سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق ملی۔ تلفظ کی درستگی ہوئی۔ دلی سکون حاصل ہوا۔"

☆ مکرمہ نصرت جہاں صاحبہ کھاریاں لکھتی ہیں۔

"تلفظ کی درستگی، قرآن کریم پڑھنے میں روانی اور دلی اطمینان ملتا ہے۔"

☆ مکرمہ فائزہ طلعت صاحبہ کھاریاں لکھتی ہیں۔

"ترجمہ قرآن کریم پڑھنے اور سمجھنے کی توفیق ملی تلفظ کی درستگی ہوئی۔"

☆ مکرمہ جمیلہ داؤد صاحبہ کھاریاں لکھتی ہیں۔

"روحانی سرور ملا۔ احساس ہوا لجنہ کی تمام ممبرات ایک ہی خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔ سب کو ساتھ لے کر چلی۔"

☆ مکرمہ ثمرین قدرت صاحبہ چونترہ ضلع راولپنڈی لکھتی ہیں۔

"وقف سے وقت کی پابندی اور دہرائی کا موقع ملا۔"

☆ مکرمہ نبیلہ اکرم صاحبہ کریم نگر سرگودھا لکھتی ہیں۔

"وقف سے ادائیگی تلفظ قرآن میں بہتری ہوئی۔"

☆ مکرمہ سمیرا ناز صاحبہ 648 گ۔ب ضلع فیصل آباد لکھتی ہیں۔

"دینی کام کرنے کی طرف توجہ بڑھی۔ اپنا جائزہ لینے کا موقعہ ملا۔"

☆ مکرمہ نرگس مبارکہ صاحبہ بدین شہر لکھتی ہیں۔

"تعلیمی کمزوریاں دور ہوئیں۔ دعائیں یاد کرنے کا موقع ملا۔"

☆ مکرمہ شازیہ مبشر صاحبہ بدین شہر لکھتی ہیں۔

"وقف سے اپنی اصلاح کرنے کی طرف توجہ ہوئی اور سستیاں دور کرنے کی توفیق ملی۔"

☆ مکرمہ ثروت منیر صاحبہ عینووالی ضلع نارووال لکھتی ہیں۔

"اصلاح نفس کی طرف توجہ ہوئی۔"

☆ مکرمہ ماریہ ساجد صاحبہ کاہنیانوالہ ضلع شیخوپورہ لکھتی ہیں۔

"وقف کی بدولت قاعدہ یسرنا القرآن پڑھنے اور سمجھنے کی توفیق ملی۔"

☆ مکرمہ مدیحہ کرن صاحبہ کاہنیانوالہ ضلع شیخوپورہ لکھتی ہیں۔

"تہجد باقاعدگی سے پڑھتی ہوں نیز یسرنا القرآن پڑھنے کی توفیق ملی۔"

☆ مکرمہ شاہدہ پروین صاحبہ کاہنیانوالہ لکھتی ہیں۔

"قرآن و حدیث پڑھانے سے قرآن و حدیث پڑھنے اور سمجھنے میں زیادہ دلچسپی پیدا ہوئی۔"

☆ مکرمہ قدیر اختر صاحبہ ڈیرہ ورکاں لکھتی ہیں۔

"نماز تہجد اور دعاؤں کی توفیق ملی۔"

☆ مکرمہ تنزیلہ ناصر صاحبہ مجلس چک چٹھہ ضلع حافظ آباد لکھتی ہیں۔

"نمازوں میں باقاعدگی پیدا ہوئی دعاؤں میں پہلے سے زیادہ تعلق مضبوط ہوا۔"

☆ مکرمہ طاہرہ حبیب صاحبہ چک چٹھہ لکھتی ہیں۔

"باقاعدگی سے نمازوں کی عادت پڑی تجویز ہے وقف عارضی مسلسل ہوتی رہے۔"

☆ مکرمہ آسیہ طارق صاحبہ سائٹ ایریا حیدر آباد لکھتی ہیں۔

"تلاوت قرآن پاک میں باقاعدگی ہوئی۔"

☆ مکرمہ عفت ظفر صاحبہ حیدر آباد سے لکھتی ہیں۔

"تہجد کی عادت ہوئی اور دینی کام کرنا اچھا لگا۔"

☆ مکرمہ طاہرہ افضال صاحبہ لطیف آباد حیدر آباد لکھتی ہیں۔

"ناظرہ اور ترجمہ قرآن پڑھانے کے دوران خود کی اصلاح کرنے کا موقعہ ملا۔"

☆ مکرمہ امۃ القیوم فرخ صاحبہ حیدر آباد سے لکھتی ہیں۔

"دمہ کی مریضہ ہوں دینی کام کرنے سے طبیعت پر اچھا اثر پڑا۔ بیماری کا شدید حملہ نہیں ہوا۔"

☆ مکرمہ صفیہ غفور صاحبہ فیکٹری ایریا حیدر آباد لکھتی ہیں۔

"وقف سے تہجد کی عادت پختہ ہوئی۔ ایمانی جوش وولولہ پیدا ہوا۔ دلی مسرت و روحانی سکون ملا۔"

☆ مکرمہ نوشین مبشر صاحبہ گلستان گوہر کراچی سے لکھتی ہیں۔

"وقف سے علم میں اضافہ ہوتا ہے اور دہرائی بھی ہوتی ہے۔"

☆ مکرمہ کومل نعیم صاحبہ گلستان جوہر کراچی سے لکھتی ہیں۔

"وقف سے فائدہ بہت ہوا۔ جن باتوں کا کنفرم نہیں ہوتا تھا وہ از بر ہو گیا تلفظ درست ہوا۔"

☆ مکرمہ امۃ الجمیل صاحبہ گلستان جوہر کراچی سے لکھتی ہیں۔

"الحمد للہ وقف عارضی سے جسمانی، روحانی اور ذہنی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔"

☆ مکرمہ عطیۃ العلیم صاحبہ رفاہ عام کراچی سے لکھتی ہیں۔

"وقف کی بدولت الحمد للہ قرآن سے بہت سے ذاتی فوائد ملے۔"

☆ مکرمہ فرزانہ نازلی صاحبہ رفاہ عام کراچی سے لکھتی ہیں۔

"ناظرہ و ترجمہ پڑھانے سے میری ذاتی طور پر دہرائی ہوئی۔"

☆ مکرمہ امۃ المتین صاحبہ رفاہ عام کراچی سے تحریر کرتی ہیں۔

"وقف سے بڑا مزہ آیا قرآن کریم پڑھاتے ہوئے عجب کیفیت ہوتی جیسے ہم خدا کے بہت قریب ہیں۔"

☆ مکرمہ امۃ القدوس صاحبہ رفاہ عام کراچی لکھتی ہیں۔

"علم میں اضافہ ہوا حضرت مسیح موعود کی کتب پڑھنے کی طرف توجہ ہوئی۔ نیز اصلاح نفس کا موقع ملا۔"

☆ مکرمہ بسمہ خوشنود صاحبہ سٹیل ٹاؤن کراچی لکھتی ہیں۔

"اصلاح نفس اور مطالعہ کرنے کا موقع ملا اور پابندی وقت کی طرف توجہ ہوئی۔"

☆ مکرمہ بشریٰ جاوید صاحبہ ماڈل کالونی کراچی لکھتی ہیں۔

"وقف سے دل میں شوق پیدا ہوا کہ آئندہ بھی کوشش کرتی رہوں گی۔"

☆ مکرمہ نصرت پروین صاحبہ چاہ سردار والا ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔

"پابندی نماز اور دعاؤں میں مشغول رہنے کی تجویز ہے۔"

☆ مکرمہ سحرش رُباب چاہ سردار والا ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔

"تہجد کی عادت پڑی، قرآن پاک کے علم میں اضافہ ہوا۔"

☆ مکرمہ شمیم اختر صاحبہ چاہ سردار والا ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔

"وقف سے نماز تہجد کی عادت پڑی۔"

☆ مکرمہ شمائلہ فیاض صاحبہ 43 جنوبی سرگودھا لکھتی ہیں۔

"وقف سے تہجد کی عادت پڑی سستیاں دور ہوئیں اور اللہ تعالیٰ نے برکتوں سے نوازا۔"

☆ مکرمہ امۃ الشافی نذیر صاحبہ اسلام آباد لکھتی ہیں۔

"وقف سے میری روحانی تربیت ہوئی۔ قرآن پاک کا ترجمہ پڑھانے سے ترجمہ سمجھنے میں مدد ملی۔"

☆ مکرمہ سائرہ احمد اسلام آباد سے لکھتی ہیں۔

"وقف سے قرآنی علم میں اضافہ ہوا۔"

☆ مکرمہ سعدیہ محمد صاحبہ G.6 اسلام آباد سے لکھتی ہیں۔

"وقف سے روحانی سکون ملا۔"

☆ مکرمہ نعیم شمیم صاحبہ اسلام آباد سے لکھتی ہیں۔

"وقف سے روحانی تسکین ملی اور میرے علم میں اضافہ ہوا۔"

☆ مکرمہ سکینہ جبیں G6 اسلام لکھتی ہیں۔

"قرآن مجید پڑھانے سے مجھے دلی سکون ملتا ہے۔ دہرائی بھی ہو جاتی ہے۔ نیز قرآن مجید پڑھانے سے مجھے دلی سکون ملتا ہے دہرائی بھی ہو جاتی ہے۔"

☆ مکرمہ امۃ الرشید لطیف صاحبہ اسلام آباد لکھتی ہیں۔

"وقف سے دلی سکون ملتا ہے خاص کر حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد پر عمل کرنے سے سکون ملتا ہے۔"

☆ مکرمہ امۃ المنیر مقدس صاحبہ میانہ پنڈ ضلع نارووال لکھتی ہیں۔

"اپنا محاسبہ کرنے کی توفیق ملی۔"

☆ مکرمہ مبشرہ ظفر صاحبہ میانہ پنڈ ضلع نارووال لکھتی ہیں۔

"وقف سے نفس کی اصلاح کی توفیق ملی۔"

☆ مکرمہ ساجدہ منصور صاحبہ 99 شمالی ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔

"وقف سے تہجد کی عادت پڑی۔"

☆ مکرمہ بشریٰ مبشر صاحبہ 99 شمالی ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”وقف سے تہجد کی عادت ہوئی۔“
☆ مکرمہ شازیہ قیصر صاحبہ 9 چک پنیار ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”وقف سے دل نیکیوں کی طرف راغب ہوتا ہے روحانی ترقی کی طرف قدم بڑھتا ہے۔“
☆ مکرمہ مبارکہ فردوس صاحبہ 9 چک پنیار ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”وقف سے ایمان کی اصلاح ہوتی ہے افراد جماعت سے مل بیٹھنے کا موقع ملتا ہے پیار و محبت بڑھتی ہے۔“
☆ مکرمہ بشریٰ مشتاق صاحبہ 99 شمالی ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”وقف عارضی سے دعاؤں اور تہجد کی عادت پڑی۔ نمازیں پڑھنے میں باقاعدگی ہوئی۔ نیز نفس کی اصلاح ہوئی۔“
☆ مکرمہ اقرا مقصود صاحبہ 99 شمالی ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”وقف سے تہجد کی عادت پڑی، نفس کی اصلاح ہوئی۔ تجویز ہے وقف عارضی سارا سال جاری رہنی چاہیے۔“
☆ مکرمہ خالدہ خلیل صاحبہ 99 شمالی ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”نمازوں، تلاوت قرآن پاک اور تہجد میں باقاعدگی ہوئی۔“
☆ مکرمہ مبارکہ خاں صاحبہ 99 شمالی ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”نمازوں اور تہجد میں باقاعدگی ہوئی۔“
☆ مکرمہ فوزیہ مشتاق صاحبہ 99 شمالی ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”تہجد کی عادت پڑی۔ اصلاح نفس ہوئی۔ تجویز ہے وقف عارضی سارا سال جاری رہنی چاہیے۔“
☆ مکرمہ درثمین صاحبہ 99 شمالی سرگودھا ضلع لکھتی ہیں۔
”تہجد کی عادت پڑی۔ نفس کی اصلاح ہوئی۔“
☆ مکرمہ خالدہ ظفر صاحبہ 99 شمالی ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”نماز تہجد کی عادت ہوئی۔“
☆ مکرمہ اسماء عرفان صاحبہ 99 شمالی ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”وقف سے خود اعتمادی پیدا ہوئی۔ جماعت سے تعاون میں اضافہ ہوا۔“
☆ مکرمہ نسیم اکرم صاحبہ 99 شمالی سرگودھا ضلع لکھتی ہیں۔
”وقف سے جماعت سے تعاون بڑھا۔ ذاتی اصلاح ہوئی۔ باقاعدگی سے نماز اور تلاوت قرآن پاک کی عادت ہوئی۔“
☆ مکرمہ اقبال بیگم صاحبہ 99 شمالی ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”وقف عارضی کی بدولت غیر معمولی صحت عطا ہوئی۔“
☆ مکرمہ شمسہ رضوانہ زیدی صاحبہ بھلوال ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”وقف عارضی فائدہ مند تحریک ہے اس بابرکت تحریک میں لجنہ کی ہر ممبر کو شریک ہونا چاہیے۔“
☆ مکرمہ نزہت نسیم صاحبہ کوٹلی آزاد کشمیر سے لکھتی ہیں۔
”وقف سے دینی علم کی دہرائی ہوئی بہت سی نئی باتیں سیکھیں۔“
☆ مکرمہ فرحت مبشر صاحبہ کوٹلی آزاد کشمیر سے لکھتی ہیں۔
”وقف سے اصلاح نفس ہوئی۔“
☆ مکرمہ زاہدہ رؤف صاحبہ کوٹلی آزاد کشمیر سے لکھتی ہیں۔
”وقف سے نفس کی اصلاح ہوئی، علم میں اضافہ ہوا۔ اپنا کام خود کرنے کی عادت پڑی دعاؤں و صدقات سے مشکلات و مصائب دور ہونے کا عملی نمونہ ہوا۔“
☆ مکرمہ منصورہ مشتاق صاحبہ کوٹلی آزاد کشمیر سے لکھتی ہیں۔
”وقف سے پریشانیاں دور ہوئیں اور نفس کی اصلاح ہوئی۔“
☆ مکرمہ شفقت احمد صاحبہ نیو لیبر کالونی حیدرآباد لکھتی ہیں۔
”وقف سے تہجد کی عادت پختہ ہوئی۔ ایمانی جوش وولولہ پیدا ہوا۔ دلی مسرت ہوئی۔“
☆ مکرمہ پروین اختر صاحبہ 94ج۔ب ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ لکھتی ہیں۔
”وقف سے ذاتی فائدہ یہ ہوا کہ پہلے نمازیں جمع کرتی تھی مگر اب وقت پر نماز کی عادت ہوئی۔“
☆ مکرمہ راشدہ شبیر صاحبہ 171/TDA ضلع لیہ لکھتی ہیں۔
”وقف کی بدولت تہجد اور دعائیں کرنے کی توفیق ملی۔“
☆ مکرمہ نجمہ نصیر صاحبہ 171/TDA ضلع لیہ لکھتی ہیں۔
”بوجہ وقف تہجد و دعائیں کرنے کی توفیق ملی۔“
☆ مکرمہ روبینہ لطیف صاحبہ شرق پور خورد ضلع شیخوپورہ لکھتی ہیں۔
”وقف سے دعائیں کرنے اور دینی علم کی دہرائی کا موقع ملا۔“
☆ مکرمہ بشریٰ منیر صاحبہ پریم کوٹ ضلع حافظ آباد لکھتی ہیں۔
”وقف سے میں اور میری کلاس کی ممبرات روحانی برکات سے فیضیاب ہوئیں۔“
☆ مکرمہ مسرت اقبال صاحبہ پریم کوٹ ضلع حافظ آباد لکھتی ہیں۔
”میں نے وقف سے روحانی برکات حاصل کیں۔“
☆ مکرمہ ناعمہ عنبر صاحبہ سکھیکی ضلع حافظ آباد لکھتی ہیں۔
”وقف سے نماز اور تلاوت قرآن پاک میں باقاعدگی ہوئی۔ کمزوریاں دور ہوئیں۔“
☆ مکرمہ زبیدہ بی بی صاحبہ چھنی جاناں ضلع حافظ آباد لکھتی ہیں۔
”وقف سے نفس کے اندر بیداری پیدا ہوئی۔“
☆ مکرمہ شگفتہ پروین صاحبہ پریم کوٹ ضلع حافظ آباد لکھتی ہیں۔
”وقف سے مجھے دینی و روحانی برکات حاصل ہوئیں۔“
☆ مکرمہ ناہید گلفام صاحبہ پریم کوٹ ضلع حافظ آباد لکھتی ہیں۔
”وقف سے دینی و روحانی برکات حاصل ہوئیں۔“
☆ مکرمہ نجمہ سرفراز صاحبہ مرل ضلع سیالکوٹ لکھتی ہیں۔
”اپنی غلطیوں کا احساس ہوا۔“
☆ مکرمہ مسرت جبیں صاحبہ گھٹیالیاں ضلع سیالکوٹ لکھتی ہیں۔
”میرے علم میں اضافہ ہوا۔“
☆ مکرمہ متین بی بی صاحبہ دھول بالا ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”وقف سے اصلاح نفس کا موقع ملا۔“
☆ مکرمہ عشرت نعیم صاحبہ دھول بالا ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”اصلاح نفس کی طرف توجہ پیدا ہوئی۔“
☆ مکرمہ امۃ السبوح خضر صاحبہ ٹھیٹری ضلع سرگودھا لکھتی ہیں۔
”وقف سے میرے علم میں اضافہ ہوا۔“
☆ مکرمہ نصرت طاہرہ صاحبہ دودہ ضلع سرگودھا تحریر کرتی ہیں۔
وقف سے اپنی تربیت اور اپنے بچوں کی تربیت کی توفیق ملی۔
☆ مکرمہ خالدہ مبارک صاحبہ بھڑی چٹھہ ضلع حافظ آباد لکھتی ہیں۔
”بہت سی کمزوریاں دور کرنے کی طرف توجہ ہوئی۔“
☆ مکرمہ مصباح ارم صاحبہ پیرکوٹ ثانی ضلع حافظ آباد لکھتی ہیں۔
”وقف سے خلیفہ وقت کی اطاعت کرکے خوشی محسوس ہوئی۔“
☆ مکرمہ امۃ الباسط صاحبہ گجر ضلع شیخوپورہ لکھتی ہیں۔
”تجویز ہے قرآن کلاسز باقاعدگی سے ہونی چاہئیں۔ دیہی مجالس میں خصوصیت سے توجہ کی ضرورت ہے۔“
☆ مکرمہ نسرین سلطان صاحبہ گجر ضلع شیخوپورہ لکھتی ہیں۔
”قرآن پاک کا ترجمہ سکھانے کے لئے قرآن کلاسز باقاعدگی سے لگنی چاہئیں۔“
☆ مکرمہ مبشرہ منور احمد صاحبہ گجر ضلع شیخوپورہ لکھتی ہیں۔
”بالخصوص دیہی مجالس میں قرآن کلاسز باقاعدگی سے ہونی چاہئیں۔“
☆ مکرمہ شہناز عزیز صاحبہ ڈیریانوالہ ضلع نارووال لکھتی ہیں۔
”وقف کی بدولت نماز باترجمہ اچھی طرح یاد ہو گئی۔“
☆ مکرمہ ثوبیہ نعیم خاں صاحبہ ڈیریانوالہ ضلع نارووال لکھتی ہیں۔
”وقف سے جماعتی رابطہ بڑھا۔ ہر چار پانچ ماہ بعد وقف کا انعقاد ہوتا کہ ناظرہ اور ترجمہ قرآن پاک سیکھنے کا موقع ملے۔“
☆ مکرمہ صفیہ رحمٰن صاحبہ جی ایچ ایس اسلام آباد لکھتی ہیں۔
”وقف سے دلی سکون ملا۔“
☆ مکرمہ امۃ الحفیظ صاحبہ مریدکے سے لکھتی ہیں۔
”میرے علم میں اضافہ ہوا۔ جماعت کے بارے میں علم ہوا۔“
☆ مکرمہ نادیہ سلیم صاحبہ مریدکے لکھتی ہیں۔
”وقف سے فائدہ تسلی بخش ہوا ہے۔“
☆ مکرمہ سعدیہ شہزاد صاحبہ جناح پارک مریدکے لکھتی ہیں۔
”وقف سے دینی معلومات کا اعادہ ہوا قرآن پاک کا ترجمہ سیکھنے کا موقعہ ملا۔“
☆ مکرمہ شگفتہ جاوید صاحبہ گلشن ظفر مریدکے لکھتی ہیں۔
”وقف سے علم میں اضافہ ہوا اور کمزوریوں کا علم ہوا۔“
☆ مکرمہ نجمہ سرفراز صاحبہ مرل ضلع سیالکوٹ لکھتی ہیں۔
”وقف سے کاہلی وسستی دور ہوئی اور اپنی غلطیوں سے بہت سیکھا۔“
☆ مکرمہ عظمیٰ سردار صاحبہ پیرو چک سیالکوٹ لکھتی ہیں۔
”وقف سے اپنا محاسبہ کرنے کا موقع ملا۔ پیرو چک کی لجنہ پہلے سے زیادہ فعال ہوئی۔“
☆ مکرمہ رضیہ نذیر صاحبہ پیرو چک سیالکوٹ لکھتی ہیں۔
”محاسبہ کا موقع ملا مطالعہ کی طرف توجہ ہوئی جماعت کی لجنہ پہلے سے زیادہ فعال ہوئی۔“
☆ مکرمہ انیلہ ناصر صاحبہ پیرو چک سیالکوٹ لکھتی ہیں۔
”محاسبہ ومطالعہ کا موقع ملا۔ پیرو چک کی لجنہ پہلے سے زیادہ فعال ہوئی۔“
☆ مکرمہ امۃ الحی عزیز صاحبہ کوٹ مرزا جان گوجرانوالہ سے لکھتی ہیں۔
”وقف سے اصلاح نفس کی توفیق ملی۔“
☆ مکرمہ منزہ کوثر صاحبہ گوکھوال ضلع فیصل آباد لکھتی ہیں۔
”تہجد پڑھنے، دعائیں کرنے اور سیکھنے کا موقع ملا۔“

مشہور شہر

سیئول (SEOUL)۔جنوبی کوریا کا دارالحکومت

سیئول دریائے ہان (HAN) کے کنارے آباد ہے اور ملک کا سب سے بڑا تجارتی، ثقافتی، صنعتی، سیاسی اور سفارتی مرکز ہے۔اس صدی کے آغاز میں اس کی آبادی ایک لاکھ نفوس پر مشتمل تھی جواب بڑھ کر میٹروپولیٹن ایریا کو ملا کر ایک کروڑ تک جا پہنچی ہے۔ اسے سول (SOUL) بھی کہا جاتا ہے۔ یہ 37.30 درجے شمال اور 127,00 درجے مشرق کے مابین واقع ہے۔ آرام اور آسائش کی سہولتوں کے اعتبار سے جدید ہونے کے باوجود بھی یہ شہر کوریا کی پانچ سو سالہ پرانی ثقافت کا مخزن اور علمبردار ہے۔ اگرچہ اسے کولمبس کے امریکہ دریافت کرنے سے بھی ایک سو سال پہلے کوریا کا دارالحکومت بنایا گیا تھا تاہم اس کا تہذیبی اور ثقافتی ورثہ اس سے بھی پرانا ہے اور اسے کوریا کی تاریخ، تہذیب، ثقافت اور فنون کے آئینے کی حیثیت حاصل ہے۔

قابل دید مقامات

وکس پو پیلس:

یہ محل سیئول کے ماضی، حال اور جدید وقدیم کا حسین امتزاج ہے محل کے احاطے میں اب پبلک پارک بنادیئے گئے ہیں لیکن اس کی عمارات اسی حالت میں ہیں جس میں اس کے شاہی مکینوں نے انہیں چھوڑا تھا محل کا ٹائیلوں سے مرصع چھت والا ہال جس کے تخت پر بیٹھ کر کوریا کے بادشاہ غیر ملکی سفیروں کو شرف بازیابی بخشا کرتے تھے وہ ایسی عمارتوں کے بالکل قریب ہے جن کے بارے میں یہ گمان ہوتا ہے کہ انہیں فرانس سے لاکر یہاں رکھ دیا گیا ہے۔ یہ عمارتیں پچھلی صدی کے اوائل میں مغربی ممالک کے فن تعمیر سے متاثر ہوکر بنائی گئی تھیں۔

کیونگ بوک کنگ پیلس

(KYONGBOKKUNG):

کیونگ بوپیلس جو 1394ء میں تعمیر ہوا تھا کوریا میں اپنی قسم کا سب سے پرانا محل ہے اس کی پُرشکوہ عمارات میں بن گیون جونگ جن اور گیونگ ہوئی روشامل ہیں۔ پہلی عمارت تخت شاہی کا ایوان ہے جہاں یائی خاندان کے حکمران امور سلطنت انجام دیا کرتے تھے اور دوسری عظیم الشان عمارت ایوان ضیافت ہے جس کے گرد کنول کے پھولوں سے سجا ہوا تالاب ہے۔ پروقار ماڈرن آرٹ گیلری اور قومی عجائب گھر بھی اسی محل میں ہیں۔ آرٹ گیلری میں ہر سال موسم خزاں کے آخری دنوں میں قومی آرٹ کی نمائش کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ سیاح سیئول میں آکر کوریا کے تہذیبی ورثے کے انمول نمونوں کا نظارہ کرسکتے ہیں ان میں تہذیب وتمدن کی روشنی پھیلنے سے پہلے کے دور کے بنائے گئے مہاتما بدھ کے کانسی کے مجسمے، قدیم مقبروں کی دیواروں اور چھتوں پر کی جانے والی گلکاری اور نقش ونگار کے حیران کن اور دیدہ زیب نمونے، ٹوپی کی طرز کا بنا ہوا ایک مرصع شاہی، مصوری کے مسحور کن شاہکار اور ظروف سازی کے لئے بے بدل نمونے شامل ہیں جو دنیا بھر میں کورایو سیلڈ ڈون کے طور پر مشہور ہیں۔

چانگ دوکنگ پیلس

(CHANG DO-KUNG):

یہ محل بھی متذکرہ عمارتوں سے زیادہ دور نہیں ہے یہ زیادہ بڑا محل ہے جو شاہی خاندان کی مکمل روایتی انداز کی رہائش گاہ تھی اسے بھی اب عوام کے لیے کھول دیا گیا ہے اس کی مشرقی طرز کی عمارتوں میں کوریا کے آخری تاجدار خاندان کی یادگاریں محفوظ ہیں۔ یہاں شاہی بگھی اور دو موٹر کاریں بھی رکھی ہوئی ہیں۔ جو آخری بادشاہوں کے استعمال میں تھیں۔ چانگ دو CHANG DO سے ملحق سیکرٹ گارڈن ہے۔ اس کے قریب بلدیہ کا چڑیا گھر اور تفریحی پارک بھی ہے۔سیئول اور اس کے گردونواح میں کئی اور پارک، محلات، عجائب گھر اور مندر بھی ہیں۔

جدید ہوٹلوں میں کوریائی ڈنر بھی ملتا ہے علاوہ ازیں عمدہ چینی، جاپانی، اطالوی، فرانسیسی، میکسیکو اور یورپی ممالک کے کھانے بھی مل جاتے ہیں۔

واکرہل ٹورسٹ کمپلیکس بہت بڑا تفریحی مرکز ہے جسے حکومت نے دریائے ہان کی وادی کے کنارے ایک خوبصورت چٹان پر بنوایا ہے۔

یہاں کیبل کار کے ذریعے ماونٹ مسان کی سیر کو بھی بڑی اہمیت دی جاتی ہے۔ جہاں پورے شہر کا نظارہ کیا جاسکتا ہے۔کوریا ہاؤس بھی دیکھنے کے قابل ہے۔ یہ ایک پرانی طرز کی عمارت ہے جہاں کوریائی فنون لطیفہ اور صناعی کے عمدہ نمونے رکھے گئے ہیں۔ یہاں پر بہترین ریشمی کشیدہ کاری کی اشیاء، چمڑے کی مصنوعات، سویٹر اور پیتل کے برتن، کاغذ اور کپڑا بھی تیار کئے جاتے ہیں۔شہر میں موسیقی کا ایک ادارہ بھی ہے جہاں موسیقی سے دلچسپی رکھنے والے افراد کو تربیت دی جاتی ہے۔

تعلیمی سرگرمیوں کی تکمیل کے لیے یہاں 17 یونیورسٹیاں اور درجنوں کالج ہیں۔ سیئول میں بین الاقوامی ہوائی اڈہ بھی ہے۔ جہاں سے دنیا بھر کے لئے جہازوں کی آمدورفت ہوتی ہے۔ یہاں زیرزمین ریلوے نظام بھی ہے۔ جس کا آغاز 15/اگست 1974ء کو کیا گیا۔ یہ شہر زرعی علاقے میں آباد ہے اور ریلوے کا بھی مرکز ہے۔

یہاں سے چاول، ریشم، مچھلی، سویا بین اور مویشی برآمد کئے جاتے ہیں۔ شہر کے قریب گرم پانی کے چشمے بھی ہیں۔ یہ دنیا کا دسواں بڑا شہر ہے۔

پرانا سیئول پہاڑوں سے گھرا ہوا تھا۔ اس کے شمال میں پوگا سان (PUGASAN) مشرق میں نکسان (NAKSAN) مغرب میں انوانگسان (INWANGSAN) اور جنوب میں نمسان (NAMSAN) کے پہاڑ ہیں۔

سیجونگ (SEJONG) کلچر سنٹر دی ہوایم آرٹ THE HO AM ART HALL جنوبی سیٹلائٹ ٹاؤن بھی قابل دید مقامات ہیں 1988ء کی اولمپک کھیلیں اسی شہر میں منعقد ہوئی تھیں۔ سیئول اولمپکس کا نشان دراصل کوریا کی روایتی صناعی کے ایک اور نمونے ''سامن ایگوک'' کو مدنظر رکھ کر بنایا گیا تھا۔ سیئول اولمپکس کا نصب العین تھا۔ ہم آہنگی، ارتقاء اور چیتا کوریا کی لوک روایات میں وقار اور بہادری کی علامات ہیں اس بناء پر سیئول اولمپکس کے لئے چیتے کے ایک بچے کا انتخاب کیا گیا۔ اس کو ہوڈری کا نام دیا گیا۔

سیئول سپورٹس کمپلیکس سیئول سے 13 کلومیٹر کی دوری پر واقع ہے۔ یہ دریائے ہان کے کنارے پانچ عمارتوں (1) انڈور سوئمنگ پول (2) اولمپک سٹیڈیم (3) سٹوڈنٹس جمنازیم (4) بیس بال سٹیڈیم اور جمنازیم کی شکل میں تعمیر کیا گیا ہے۔ اس کا رقبہ 5455 مربع ہیکٹر ہے اور اس میں دو لاکھ افراد کی نشستیں اور دس ہزار گاڑیاں کھڑی کرنے کی گنجائش رکھی گئی ہے اس پر مجموعی طور پر 12 کروڑ 80 لاکھ لاگت آئی۔ 1986ء میں ایشیائی کھیل بھی یہیں منعقد ہوئے تھے۔

(مرسلہ: مکرم امان اللہ امجد صاحب)

مکرم لطیف احمد طاہر صاحب

میری اہلیہ محترمہ طاہرہ ذکیہ صاحبہ

میری اہلیہ محترمہ طاہرہ ذکیہ صاحبہ یکم جنوری 1958ء میں خوشاب میں پیدا ہوئیں۔ محترم عبدالمنان صاحب کی دختر اور محترم حافظ مظفر احمد صاحب صدر مجلس انصاراللہ پاکستان کی ہمشیرہ تھیں۔ رفقاء حضرت مسیح موعود کی نسل میں سے تھیں۔ آپ کی والدہ محترم حافظ عبدالکریم خان صاحب خوشابی کی بیٹی تھیں جن کے بارے میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے فرمایا تھا کہ آج ایک حافظ قرآن خوشاب میں احمدی ہوا ہے جن کے ساتھ 73,72 نمازی بھی بیعت کر کے احمدیت میں شامل ہوئے۔

میری اہلیہ محترمہ عملاً اپنے نام کی طرح اسم بامسمّٰی تھیں۔ سادہ طبیعت والی ہنس مکھ خاتون تھیں۔ بچپن خوشاب محلّہ آہیرانوالہ میں گزرا۔ پرائمری اور میٹرک وہیں سے کیا۔ بچپن سے دینی مشاغل کی طرف توجہ رہی۔ دینی کتب پڑھنے کا بہت شوق تھا۔ دیگر رسائل اور ڈائجسٹ وغیرہ بالکل نہ پڑھتی تھیں۔ ریڈیو پر پاکستانی چینل سننے کا شوق رکھتیں۔

